A

910

# സമഗ്ര ശിക്ഷാ കേരളം
## വാർഷിക മൂല്യനിർണയം 2022-23
## ഉർദു

STD : IX

Time : 1 ½ Hour
Total Score : 40

## മാതൃകാ ഉത്തരങ്ങൾ
**തയ്യാറാക്കിയത് :**
**ഫൈസൽ വഫ, ഉർദു അധ്യാപകൻ,**
**ഗവ. ഹയർസെക്കണ്ടറി സ്കൂൾ, ചാലിശ്ശേരി - പാലക്കാട്**

**1 سے 4 تک کے سوالوں سے کسی تین کے جواب لکھیے۔** 3x1=3

1 ہندوستان کے پہلے وزیرِ تعلیم کون تھے؟ [جواہر لال نہرو، ابوالکلام آزاد، رابیندر ناتھ ٹیگور] 1

2 یہ دیا بہتر ہے ان جھاڑوں سے اور فانوس سے 1
روشنی محلوں کے اندر ہی رہی جن کی سدا
بچّو، شعر کی روشنی میں کون سا دیا بہتر ہے؟ [مٹی کا دیا، فانوس، جھاڑ]

3 'امتحان' آپ نے پڑھی ہے نا؟ یہ کس کی کہانی ہے؟ [پریم چند، کرشن چندر، فرحت اللہ بیگ] 1

4 جملے غور سے پڑھیے۔ ان میں صحیح جملہ کون سا ہے؟ 1
a) ساوتری کالج میں پڑھ رہا ہے۔ b) ساوتری کالج میں پڑھ رہے ہیں۔
c) ساوتری کالج میں پڑھ رہی ہے۔

**5 سے 8 تک کے سوالوں سے کسی تین کے جواب لکھیے۔** 3x2=6

5 مکالمے غور سے پڑھیے اور مناسب کردار کا نام جوڑ کر لکھیے۔ 2
[رضیہ، اسکاٹ لینڈ کا راجا، مچھندر]

| | | |
|---|---|---|
| a | "ہمارے ملک کے تمام بوڑھے لوگوں کو جلاوطن کر دیا جائے۔" | * اسکاٹ لینڈ کا راجا |
| b | "بھیّا! ہمیں یہ وراثت میں ملے ہیں" | * مچھندر |

6 مناسب لفظ چن کر خانہ پورا کیجیے۔ [ڈرامہ، نظم، افسانہ] 2

| | | | |
|---|---|---|---|
| a | جینے کے لیے | * افسانہ | گوبردھن |
| b | مٹی میں جان آگئی | * نظم | اسماعیل میرٹھی |

7 اشعار غور سے پڑھیے۔ ان میں سے حبِّ وطن پر لکھا ہوا شعر چن کر لکھیے۔ 2

a) لگتا نہیں ہے دل مرا اجڑے دیار میں
کس کی بنی ہے عالمِ ناپائیدار میں

b) جس کے لیے تو نازاں در در بھٹک رہا ہے
لے کھول دل کی آنکھیں وہ تیرے روبرو ہے

c) وطن پھر تجھ کو پیمانِ وفا دینے کا وقت آیا
تیرے ناموس پر سب کچھ لٹا دینے کا وقت آیا

8 خانہ 'الف' کو خانہ 'ب' سے ملائیے۔ 2

| الف | ب |
|---|---|
| وقت آیا ہے | نازاں جمشید پوری |
| جینے کے لیے | آنند نرائن ملّا |
| دل کی آنکھیں | الطاف حسین حالی |
| مٹی کا دیا | سہیل عظیم آبادی |

* آنند نرائن ملّا * سہیل عظیم آبادی * نازاں جمشید پوری * الطاف حسین حالی

9 سے 15 تک کے سوالوں سے کسی پانچ کے جواب تین چار جملوں میں لکھیے۔ 5x3=15

9 گڈّو ڈراما 'بیساکھی' کا ایک کردار ہے۔ وہ ہٹا کٹا نوجوان ہے۔ بھیک مانگ کر اپنی زندگی گزارتا ہے۔ 3

a) بچّو، اس ڈرامے کے اور دو کرداروں کے نام لکھیے۔

b) پسندیدہ ایک کردار پر نوٹ لکھیے۔

a) یوسف اور ماسٹر صاحب اس ڈرامے کے دو اور کردار ہیں۔

b) اس ڈرامے کا میرا پسندیدہ کردار یوسف ہے۔ کیوں کہ وہ ایک محنتی نوجوان ہے۔ وہ ایک لنگڑا ہوتے ہی بازار میں گھڑی کی دکان چلاتا ہے۔ وہ محنت مزدوری کی خوب قدر کرنے والا ہے۔

10 آج کل کیرالا میں گرمی کی شدّت بڑھتی جارہی ہے۔ برسات کے زمانے میں سیلاب جیسی قدرتی آفات آتی رہتی ہیں۔ 3

بچّو، فطرت کو بگاڑنے سے ہمیں کیا کیا مشکلات پیش آتی ہیں؟ اپنے خیالات لکھیے۔

* فطرت کو بگاڑنے کی وجہ سے ہمیں بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ پانی کی قلت پڑ جاتی ہے۔ بارش کی کمی ہوتی ہے۔ قحط پڑ جاتی ہے۔ کھیتیاں برباد ہوتی ہیں۔ زلزلے آتے ہیں۔

11 مچھندر کے لاجواب جوتے بہت مشہور ہیں۔ یہ لاثانی جوتے ہیں۔ کرشمہ دکھانے والے جوتے ہیں۔

3 بچّو، وہ اپنے جوتے بیچنا چاہتا ہے۔ اس کے لیے ایک اشتہار تیار کیجیے۔

* پیارے دوستو!

ایک خوش نصیب موقع ہے آپ کے لیے ...

میاں مچھندر کے جوتے بیچے جا رہے ہیں...

یہ ہیں وراثتی جوتے، لاثانی اور لاجواب جوتے...

خوب کام آنے والے جوتے کم دام پر آپ کے لیے...



12 موجودہ زمانے میں انسان مختلف بیماریوں کا شکار بن جاتے ہیں۔ 3

بچّو، بیماریاں بڑھنے کی وجوہات کیا کیا ہیں؟ اشاروں کی مدد سے اپنے خیالات لکھیے۔

[محنت کی کمی، فاسٹ فڈ، گندہ پانی، ملاوٹی غذا]

* موجودہ زمانے میں انسان مختلف بیماریوں کے شکار بن جاتے ہیں۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ اکثر لوگ محنت کرنے سے دور رہنے والے ہیں۔ فاسٹ فوڈ اور ملاوٹی غذائیں لوگوں کی عادت بن گئی ہے۔ گندہ پانی کے استعمال سے بھی لوگ دن بدن بیمار بن جاتے ہیں۔

13 پیڑ فطرت کی جان ہے۔ پیڑ لگانے کی اہمیت پر اسکول میں ایک جلوس نکالنے کا فیصلہ کیا ہے۔ 3
بچّو، پیڑ لگانے کی اہمیت پر تین نعرے تیار کیجیے۔
جیسے : پیڑ فطرت کا وردان ہے۔

* پیڑ لگاؤ ... جان بچاؤ! * پیڑ نہ کاٹو، پیڑ لگاؤ ... پیڑ نہ ہو تو جینا مشکل!
* پیڑ لگاؤ، پیڑ بچاؤ... بارش ہم کو خوب ملے گی!

14 عبارت غور سے پڑھیے اور تین سوالات تیار کیجیے۔ 3

بہادر شاہ ظفر مغلیہ سلطنت کے آخری تاجدار تھے۔ وہ اردو کے مشہور شاعر بھی تھے۔ان کی پیدائش ۲۴/اکتوبر ۱۷۷۵ء میں ہوئی۔ان کا اصل نام مرزا ابو ظفر سراج الدّین محمد تھا۔ان کے والد اکبر شاہ دوم تھے۔ بہادر شاہ ظفر پہلے جنگِ آزادی کے لیڈر تھے۔اس لیے انگریزوں نے انھیں گرفتار کر دیا۔ان کی وفات ۷/نومبر ۱۸۲۶ء کو رنگون میں ہوئی۔

[کون ، کیا، کب، کہاں، کیوں، کیسے]

* بہادر شاہ ظفر کون تھے؟
* بہادر شاہ ظفر کا اصل نام کیا تھا؟
* انگریزوں نے بہادر شاہ ظفر کو کیوں گرفتار کر دیا؟

15 3

زمیں سبزے سے لہلہانے لگی کسانوں کی محنت ٹھکانے لگی
جڑی بوٹیاں پیڑ آئے نکل عجب بیل پتّے عجب پھول پھل

پہلی بارش کی وجہ سے زمین پر کئی تبدیلیاں آتی ہیں۔ زمین سبز ہونے لگتی ہے۔
بچّو، ان اشعار کی روشنی میں زمین پر آنے والی تبدیلیوں پر اپنے خیالات لکھیے۔

* پہلی بارش کی وجہ سے زمین پر بہت سی تبدیلیاں آتی ہیں۔ شاعر کہتے ہیں کہ زمین پر ہر کہیں ہریالی نظر آنے لگتی ہے۔ مٹی میں بارش کا پانی اتر جانے سے جڑی بوٹیاں اور پیڑ پودے اگنے والے ہیں۔ اس لیے کسانوں کی محنت کا پھل ملتا ہے۔

**4x4=16** 16 سے 21 تک کے سوالوں سے کسی چار کے جواب چار پانچ جملوں میں لکھیے۔

16 اگلے مہینے ساوتری کا امتحان ہے۔ اب تک اس کی فیس ادا نہیں کر پایا۔ وہ گھر کے کونے میں بیٹھی رو رہی تھی۔ اتنے میں پڑوسن ممتاز بیگم اس کے پاس آئی۔ ساوتری کو دیکھ کر ممتاز بیگم پوچھنے لگی...... 4

ممتاز بیگم : بیٹی! اتنی پریشان کیوں ہو؟

ساوتری : ..............................

بچّو، ممتاز بیگم اور ساوتری کی گفتگو آگے بڑھایئے۔

ممتاز بیگم : بیٹی، تم اتنی پریشان کیوں ہو؟

ساوتری : اگلے مہینے میرے کالج کا امتحان ہے۔

ممتاز بیگم : اس پر کیا بات ہے؟ تم خوب پڑھنے والی ہو نا!

ساوتری : وہ تو صحیح ہے۔

ممتاز بیگم : پھر کیا ہوا بیٹی؟

ساوتری : امتحان کی فیس اب تک ادا نہیں کر پائی ہے۔

ممتاز بیگم : اس پر فکر مت کرو بیٹی۔ فیس ادا کرنے کا پیسے میں دے دیتی ہوں نا!

ساوتری : بہت بہت شکریہ دادی جان!

17 4

کاٹو کھیتاں کاٹورے گھر گھر روٹی باٹورے

خون پسینہ پیرورے چاند ستارے کاٹورے

a) بچّو، اس لوک گیت کا شاعر کون ہے؟

b) اس میں شاعر کسان اور کھیتی باڑی کے بارے میں بیان کرتا ہے۔ شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔

a) اس لوک گیت کا شاعر سلیمان خطیب ہے۔

b) شاعر اس شعر میں کسان اور کھیتی باڑی کا ذکر کر رہے ہیں۔ کسان لوگ کھیتوں میں کھیتی باڑی اچھی طرح کرتے ہیں۔ وہ اپنا خون پسینہ کرکے کھیتوں میں محنت کرتے ہیں۔ اس کی وجہ سے وہ اپنے کھیتوں میں اچھی اچھی فصلیں اگاتے اور کاٹتے ہیں۔ کسان لوگ باقی سارے لوگوں کو کھلاتے ہیں۔

4

18 اشاروں کی مدد سے فیض احمد فیض کے بارے میں ایک سوانحی نوٹ تیار کیجیے۔

**فیض احمد فیض**

| | | |
|---|---|---|
| شہرت | : | ترقی پسند شاعر |
| پیدائش | : | ۱۹۱۱ء کو سیال کوٹ میں |
| مجموعہ ءکلام | : | نقشِ فریادی، دستِ صبا، زنداں نامہ |
| ایوارڈ | : | گیان پیٹھ |
| انتقال | : | ۱۹۸۴ء کو لاہور میں |

* فیض احمد فیض اردو کا مشہور ترقی پسند شاعر تھا۔ ۱۹۱۱ء کو سیال کوٹ میں ان کی پیدائش ہوئی۔ نقشِ فریادی، دستِ صبا اور زندان نامہ ان کے مجموعۂ کلام ہیں۔ ۱۹۸۴ء کو لاہور میں ان کا انتقال ہوا۔

4

19 سب بولیوں سے اچھی اردو زباں ہماری
بولی یہی ہے اب اے ہندوستاں ہماری

a) اردو زبان ہندوستان میں پیدا ہوئی۔ ہمارے دیس کی اور چار زبانوں کے نام لکھیے۔

b) اردو سنگیت اور فلم کی زبان ہے۔ آپ اردو کے بارے میں کیا کیا جانتے ہیں؟ نوٹ لکھیے۔

a) ملیالم ، تامل ، بنگالی اور مراٹھی ہمارے دیس کی چار زبانیں ہیں۔

b) اردو ایک ہندوستانی زبان ہے۔ اردو شیرین اور آسان زبان ہے۔ اردو آج کل ایک عالمی زبان کی حیثیت پر پہنچی ہے ۔ اردو غزلوں، گیتوں اور فلموں کی زبان ہے۔

4

20 "تندرستی ہزار نعمت ہے۔" اس موضوع پر اسکول ہال میں ہیلتھ کلب کے ماتحت ایک سمینار ہونے والا ہے۔ ہیڈ ماسٹر صدارتی کرسی سجائیں گے۔ کلب سکریٹری راجیش مقالہ پیش کریں گے۔
بچّو، اس پروگرام کے لیے ایک پوسٹر تیار کیجیے۔

اشارے: عنوان، تاریخ، مقام، صدارت، مقالہ کی پیش کش

گورنمنٹ ہائی اسکول، امانت نگر
( ہیلتھ کلب کے زیرِ اہتمام )

# صحتی سمینار

## " تندرستی ہزار نعمت ہے! "

۱۶/فروری ۲۰۲۳ء بروز جمعرات دوپہر ۲ بجے
اسکول کے سمینار ہال میں

صدارت : محترمہ خدیجہ بیگم
( صدر معلمہ)

افتتاح : محترم ساجن بابو
( صدرِ پی ٹی اے )

مقالے کی پیش کش : ماسٹر راجیش
( ہیلتھ کلب سکریٹری )

سب کا خیر مقدم ہے!

21 مولانا ابوالکلام آزاد اردو کے مشہور ادیب ہیں۔ انھوں نے ہندوستان کی آزادی کے لیے بہت کوشش کی ہے۔

a ) بچّو، ہندوستان کے اور دو مجاہدینِ آزادی کے نام لکھیے۔

b) پسندیدہ ایک مجاہدِ آزادی کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

۔ a) گاندھی جی اور بھگت سنگھ۔

۔ b) گاندھی جی ہندوستان کے بابائے قوم ہیں۔ انھوں نے آزادی کی لڑائی میں سب کی رہنمائی کی۔ ہمارے وطن کی آزادی حاصل کرنے میں گاندھی جی کی کوششیں بہت اہم ہیں۔ "تلاشِ حق" ان کی سوانحِ عمری ہے۔

☆☆☆